شاندار نیلام عام

منڈی مویشیاں واہ کینٹ

کنٹونمنٹ بورڈ واہ گورنمنٹ آف پاکستان کے نوٹیفکیشن نمبری SRO. 569 (I)/93 بتاریخ 03.07.1993 کے تحت منظور شدہ منڈی مویشیاں کا انعقاد اپنی حدود میں واقع زیر انتظام زمین برقبہ 37.78 کنال موضع گٹیا نزد واہ جنرل ہسپتال پر کر رہا ہے۔ منڈی مویشیاں کا نیلام عام برائے عرصہ ایک سال 09 جون 2024 تا 10 جون 2025 تک کے لیے مورخہ 06.06.2024 بوقت 11:00 بجے دن دفتر کنٹونمنٹ بورڈ واہ چھاؤنی میں ہوگا۔ اگر کسی وجہ سے نیلامی مقررہ تاریخ پر منعقد نہ ہو سکی یا بولی مسترد کر دی گئی تو دوبارہ نیلامی مورخہ 07.06.2024 کو بوقت 11:00 بجے ہو گی۔ اگر کسی وجہ سے دوبارہ نیلامی نہ ہو سکی تو سہ بارہ نیلامی مورخہ 10.06.2024 کو بوقت 11:00 بجے ہوگی اور اس کے لیے علیحدہ اشتہار نہیں دیا جائے گا۔ بولی کی آفر سالانہ کی بنیاد پر ہوگی جس کا زر ضمانت 1/4 بھی سالانہ کی بنیاد پر ہوگا۔ نیز منڈی کی حدود میں داخلہ فیس، خریداری وفروختگی فیس درج ذیل شرح سے وصول کی جائے گی۔

۱۔ داخلہ فیس مبلغ-/30 روپے (برائے بکری، دنبہ، بھیڑ وغیرہ)
مبلغ-/50 روپے (برائے بھینس، گائے، بیل، گھوڑا، اونٹ وغیرہ)

۲۔ خریداری وفروختگی فیس بحساب طے شدہ قیمت کا پانچ فیصد

نیلامی کی شرائط حسب ذیل ھیں

۱۔ نیلامی میں حصہ لینے والے خواہشمند حضرات / فرم بولی شروع ہونے سے قبل زر بیعانہ مبلغ-/10,00,000 (دس لاکھ) روپے بصورت بینک ڈرافٹ / پے آرڈر بنام کینٹ ایگزیکٹو آفیسر واہ کینٹ بمعہ شناختی کارڈ کی کاپی جمع کروا کر بولی میں حصہ لینے کے اہل ہوں گے جو کہ ناکام بولی دہندگان کو بولی کے اختتام پر واپس کر دیے جائیں گے۔

۲۔ کامیاب بولی دہندہ کو نیلامی کے اختتام پر کل بولی کی رقم کا 1/4 حصہ (قابل واپسی) بطور زر ضمانت دفتر ہذا میں جمع کروانا ہوگا بصورت دیگر جمع شدہ زر بیعانہ کی رقم بحق کینٹ بورڈ ضبط تصور ہوگی۔

۳۔ سیکورٹی کی رقم ٹھیکہ کی ماہانہ اقساط میں ایڈجسٹ نہیں کی جائے گی۔

۴۔ کامیاب بولی دہندہ بولی کی کل رقم کا انکم ٹیکس مروجہ قوانین کے مطابق ایڈوانس جمع کروانے کا پابند ہوگا۔

۵۔ کامیاب بولی دہندہ ہر ماہ کی بیس تاریخ تک ماہانہ قسط جمع کرانے کا پابند ہوگا۔ ماہانہ قسط جمع نہ کرانے کی صورت میں مبلغ-/5,000 روپے یومیہ کے حساب سے جرمانہ وصول کیا جائے گا اور لگاتار تین ماہ کی قسط جمع نہ کروانے کی صورت میں ٹھیکہ منسوخ کر دیا جائے گا اور زر ضمانت بحق کنٹونمنٹ بوڈ واہ کینٹ ضبط ہو جائے گا۔

۶۔ منڈی مویشیاں بروز بدھ منعقد ہوا کرے گی البتہ عیدالاضحیٰ کے موقع پر ٹھیکیدار ایک تا بارہ ذوالحج تک منڈی لگانے کا حقدار ہوگا۔

۷۔ جانوروں کی خرید وفروخت صرف منڈی میں ہی ہوگی اس کے علاوہ کسی شخص یا ادارے کو چھاؤنی کی حدود میں دیگر کسی مقام پر جانوروں کی خرید وفروخت کی اجازت نہ ہوگی۔ خلاف ورزی کی صورت میں قانونی کاروائی زیر عمل لائی جائے گی۔

۸۔ منڈی میں موجود کنٹونمنٹ بورڈ کی فراہم کردہ سہولیات ٹھیکیدار کے چارج پر ہوں گی۔

۹۔ منڈی کے دن لگائے جانے والے سٹالز، خوانچے چائے اور کھانے کے سٹالز اور کھوکھوں سے آمدنی کا اختیار ٹھیکیدار کو ہوگا۔ تاہم وہ کنٹونمنٹ بورڈ سے ایسے تمام سٹالز کی منظوری لے گا۔

۱۰۔ کوئی بھی شخص یا فرم کنٹونمنٹ بورڈ واہ یا دیگر گورنمنٹ کے اداروں کا نادہندہ ہونے کی صورت میں بولی میں حصہ لینے کا اہل نہ ہوگا۔ اگر کوئی شخص یا فرم حقائق چھپا کر کامیاب ہو بھی جائے تو اس کی سیکورٹی ضبط کر کے منڈی دوبارہ نیلام کر دی جائے گی۔

۱۱۔ زیر دستخطی کو یہ اختیار حاصل ہے کہ PPRA Rule-33(1) کے تحت کوئی بھی بولی وجہ بتائے بغیر مسترد کر دے۔

۱۲۔ کامیاب بولی دہندہ اور کنٹونمنٹ بورڈ کے درمیان تنازعہ کی صورت میں کیس ڈائریکٹر ملٹری لینڈز اینڈ کنٹونمنٹس ڈیپارٹمنٹ راولپنڈی کو مصالحت کے لیے بھیجا جائے گا جس کا فیصلہ حتمی ہوگا۔

۱۳۔ دیگر شرائط وضوابط یا معلومات کنٹونمنٹ بورڈ آفس میں دفتری اوقات کے دوران ملاحظہ کی جا سکتی ہیں۔ یہ نوٹس PPRA کی ویب سائٹ پر بھی ملاحظہ کیا جا سکتا ہے۔

۱۴۔ ٹھیکیدار بولی کی حتمی منظوری کے پندرہ دن کے اندر اندر دفتر ہذا سے اپنے پر تحریری معاہدہ کرنے کا پابند ہوگا۔

۱۵۔ COVID یا دیگر قدرتی آفات کی صورت میں محکمہ کسی قسم کے نقصان وتاوان کا ذمہ دار نہ ہوگا۔

24/05/24

المشتہر

کینٹ ایگزیکٹو آفیسر
واہ کینٹ